مقتدی امام کے ساتھ کس وقت شریک ہو تو اسے رکعت پانے والا شمار کیا جائے گا؟

مجیب: مولانا محمد نور المصطفیٰ عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-3080

تاریخ اجراء: 13 ربیع الاول 1446ھ / 18 ستمبر 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا امام کے رکوع سے اٹھنے کے بعد رکعت ختم ہو جاتی ہے، یا التحیات میں بیٹھنے کے بعد ختم ہوتی ہے؟ یعنی مقتدی امام کے ساتھ کس وقت شریک ہو تو اسے رکعت پانے والا شمار کیا جائے گا؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

احادیث مبارکہ اور فقہائے کرام کی وضاحت کی روشنی میں مقتدی رکعت پانے والا تب ہی قرار پائے گا، جب امام کے رکوع سے اٹھنے سے پہلے اس کے ساتھ اس حالت میں شامل ہو جائے، جس میں امام ہے مثلاً اگر امام قیام میں ہے تو قیام میں اس کے ساتھ شامل ہو جائے اور اگر امام رکوع میں ہے تو رکوع میں شامل ہو جائے۔ لہٰذا اگر کوئی شخص جماعت میں اس وقت شامل ہوا کہ امام رکوع سے اٹھ چکا تھا تو وہ رکعت اس کی فوت ہو گئی۔

مصنف عبد الرزاق، مصنف ابن ابی شیبہ اور سنن کبری للبیہقی میں ہے "واللفظ للآخر: "عن ابن عمر أنه كان يقول: من أدرك الإمام راكعاً، فركع قبل أن يرفع الإمام رأسه، فقد أدرك تلك الركعة" ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالی عنہما سے مروی ہے، آپ فرمایا کرتے کہ جس نے امام کو حالتِ رکوع میں پایا، اور امام کے سر اٹھانے سے پہلے ہی اس نے رکوع کر لیا، تو اس نے وہ رکعت پالی۔ (السنن الکبری للبیھقی، رقم الحدیث 2580، ج 2، ص 128، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

حاشیۃ الطحطاوی علی مراقی الفلاح میں ہے: "والحاصل أنه إذا وصل إلى حد الركوع قبل أن يخرج الإمام من حد الركوع فقد أدرك معه الركعة وإلا فلا، كما يفيده أثر ابن عمر" ترجمہ: اور حاصلِ کلام یہ ہے کہ جب امام کے حدِ رکوع سے نکلنے سے پہلے ہی مقتدی حدِ رکوع تک پہنچ جائے، تو اسے وہ رکعت مل گئی، ورنہ نہیں

ملی، جیسا کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت اس کا فائدہ دیتی ہے۔(حاشية الطحطاوی علی مراقی الفلاح، ص 455، دار الکتب العلمية، بيروت)

المبسوط للسرخسی میں ہے:"يجعل مدركا للركعة إذا أدرك الركوع مع الإمام"جب کسی نے امام کے ساتھ رکوع پالیا تو وہ رکعت پانے والا قرار پائے گا۔(المبسوط للسرخسي، ج2، ص94، دار المعرفة، بيروت)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net